سوال

امام کا وضو ٹوٹ جانے پر مقتدی کا جماعت کروانا

جواب

سوال : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک امام اور دو مقتدی جماعت کراتے ہیں۔ ایک، دو رکعتیں پڑھنے کے بعد ایک آدمی آکر جماعت میں مل جاتا ہے۔ لیکن امام کو معلوم نہیں کہ ان میں سے کونسا آدمی نیو آیا ہے جس کی رکعتیں رہتی ہیں۔ اب امام صاحب کا وضوء ٹوٹ جاتا ہے۔ تو مقتدیوں م

جواب : اس کو چاہیے کہ وہ پیچھے آجائے اور اس کو آگے کردے کہ جس نے امام کے ساتھ نماز شروع کی تھی۔ یہی اس کی بہتر صورت ہے۔
بصورت دیگر اگر وہ پیچھے نہیں آتا ہے تو اپنی ترتیب سے نماز مکمل کرے اور مقتدیوں کو چاہیے کہ وہ اپنی نماز مکمل ہونے پر پیچھے بغیر سلام پھیرے بیٹھے رہیں اور امام صاحب نماز مکمل کرلیں تو ان کے ساتھ سلام پھیر لیں یعنی صلاۃ الخوف سے رہنمائی لیں۔ واللہ اعلم بالصواب